سورۃ الھمزۃ (104)

(مکی — کل آیات 9)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَيۡلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ (1)

ہر غیبت کرنے والے طعنہ دینے والے کے لیے ہلاکت ہے۔

اۨلَّذِىۡ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ (2)

جو مال کو جمع کرتا ہے اور اسے گنتا رہتا ہے۔

يَحۡسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخۡلَدَهٗ (3)

وہ خیال کرتا ہے کہ اس کا مال اسے سدا رکھے گا۔

كَلَّا‌ لَيُنۡۢبَذَنَّ فِى الۡحُطَمَةِ (4)

ہرگز نہیں، وہ ضرور حطمہ میں پھینکا جائے گا۔

وَمَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا الۡحُطَمَةُ (5)

اور آپ کو کیا معلوم حطمہ کیا ہے۔

نَارُ اللّٰهِ الۡمُوۡقَدَةُ (6)

وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے۔

الَّتِىۡ تَطَّلِعُ عَلَى الۡاَفۡـِٕدَةِ (7)

جو دلوں تک جا پہنچتی ہے۔

اِنَّهَا عَلَيۡهِمۡ مُّؤۡصَدَةٌ (8)

بے شک وہ ان پر چاروں طرف سے بند کر دی جائے گی۔

فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ (9)

لمبے لمبے ستونوں میں۔